© rasailojaraid.com

تبصرے

سائنس کی دنیا اڈیٹر جناب گلزار زتشی، تقطیع کلاں، ضخامت ۴۴ صفحات، کتابت وطباعت بہتر، قیمت سالانہ: ڈیڑھ روپیہ۔ پتہ: کاؤنسل آف سائنٹیفک وانڈسٹریل ریسرچ، رفیع احمد مارگ، نئی دہلی۔۱

آج کوئی زبان محض شعروشاعری اور افسانہ وتنقید کے سہارے زندہ نہیں رہ سکتی۔ اس بنا پر سخت ضرورت ہے کہ اردو زبان میں بھی سائنس اور ٹکنالوجی کے مسائل ومباحث پر زیادہ سے زیادہ کتابیں اور مقالات لکھے جائیں تاکہ اردو داں طبقہ بھی عصرِ حاضر کے سائنٹیفک معلومات سے فائدہ اٹھا سکے اور اردو لٹریچر کا دامن وسیع ہو۔ بڑی خوشی کی بات ہے کہ جہاں ملک کی علاقائی زبانیں ان معلومات سے مالامال ہو رہی ہیں اب اسی غرض سے کاؤنسل آف سائنٹیفک انڈسٹریل ریسرچ کی طرف سے اردو میں بھی ایک سہ ماہی رسالہ شائع ہونا شروع ہوا ہے۔ امید ہے کہ یہ جلد ماہانہ ہو جائے گا۔ یہ پہلا پرچہ ہے۔ اس میں پیغامات کے علاوہ جو بڑی کثرت سے ہیں۔ سائنٹیفک موضوعات پر سات مضامین ہیں، کچھ نظمیں بھی ہیں، سب دلچسپ اور پڑھنے کے لائق رسالہ کی قیمت نہ ہونے کے برابر ہے، جناب گلزار زتشی نہایت مستعد، نامور ادیب وشاعر اور اس سے بڑھکر یہ کہ اردو کے لئے نہایت جوش اور سرگرمی سے کام کرنے والے ہیں، امید ہے کہ رسالہ ان کی ادارت میں خوب پھلے پھولے اور ترقی کرے گا۔ مگر شرط یہ ہے کہ اردو والے اس برائے نام قیمت کے ضخیم رسالے کے ہزاروں کی تعداد میں خریدار بن کر کونسل کی حوصلہ افزائی کریں، یہ ان کا فرض ہے۔ ورنہ اگر رسالہ اپنا خرچ بھی پورا نہ کر سکا تو کونسل کب تک اس بیل

© rasailojaraid.com